جرس کارواں

ہمیں خوشی ہے کہ نوجوانوں نے اکابر کا مشن سنبھال لیا ہے

حضرت شیخ الحدیث مدظلہ

مجلس عمل علماء اسلام پاکستان کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم نے کہا ہے کہ ہمیں اس بات پر خوشی ہے کہ نوجوان علماء نے اکابر کا مشن سنبھال لیا ہے اور ہم ان کے لیے دعاگو ہیں۔ یہ بات انہوں نے جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل مولانا عبد الغفور حیدری سے ملاقات کے دوران کہی جو ان سے ملنے کے لیے مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ میں آئے تھے۔ اس موقع پر پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی اور جمعیت علماء اسلام کے راہ نما مولانا رشید احمد لدھیانوی، مولانا سید عبد المالک شاہ اور دیگر حضرات بھی موجود تھے۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے فرمایا کہ اسلامی نظام کے نفاذ اور عالمی کفر اور استعمار کے مقابلہ کی جدوجہد ہمارے اکابر کا ورثہ ہے اور آج کے نوجوان علماء نے جس جذبہ اور حوصلہ کے ساتھ اس مشن کو سنبھالا ہے اسے دیکھ کر ہمیں اطمینان ہے کہ اکابر کی جدوجہد کا تسلسل قائم رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ عالم اسلام کا سب سے بڑا دشمن ہے اور اس کے اسلام دشمن اقدامات کی مزاحمت ہماری دینی ذمہ داری ہے۔ جمعیت علماء اسلام کے راہ نماؤں نے مدرسہ نصرۃ العلوم کے مہتمم حضرت مولانا صوفی عبد الحمید سواتی دامت برکاتہم سے بھی ملاقات کی اور ان سے خیریت دریافت کرنے کے علاوہ مختلف امور پر ان سے تبادلہ خیال کیا۔

پاکستان شریعت کونسل کی مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس ۴ نومبر کو راولپنڈی میں ہوگا

پاکستان شریعت کونسل کے امیر حضرت مولانا فداء الرحمٰن درخواستی نے اعلان کیا ہے کہ کونسل کی مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس ۴ نومبر جمعرات کو صبح دس بجے جامعہ اسلامیہ کشمیر روڈ راولپنڈی صدر میں ہوگا جس میں نفاذ شریعت کی جدوجہد کو تیز کرنے کے سلسلہ میں مختلف تجاویز کا جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے گزشتہ روز اس بارے میں کونسل کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی اور صوبہ پنجاب کے امیر مولانا قاری سعید الرحمٰن سے تبادلہ خیال کیا اور ان کے مشورہ سے پروگرام کو حتمی شکل دی۔ انہوں نے کہا کہ ہم وسائل کی کمی اور دیگر مشکلات کے باوجود پاکستان شریعت کونسل کو نظریاتی سیاست اور فکری و علمی جدوجہد کے لیے منظم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور ملک بھر کے ہم خیال علماء سے ہماری اپیل ہے کہ وہ اس مقصد کے لیے ہم سے تعاون کریں۔ دریں اثنا مولانا فداء الرحمٰن درخواستی ایک ماہ کے تبلیغی دورہ پر آسٹریلیا روانہ ہوگئے ہیں جہاں سے وہ اکتوبر کے وسط میں واپس آئیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

پاکستان شریعت کونسل کے قائدین کے اعزاز میں استقبالیہ

پاکستان شریعت کونسل کے امیر مولانا فداء الرحمٰن درخواستی اور سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی کی برطانوی سفر سے واپسی پر کراچی کے احباب نے مدرسہ انوار القرآن نارتھ کراچی میں ان کے اعزاز میں استقبالیہ کا اہتمام کیا جس میں بریگیڈیر (ر) قاری فیوض الرحمٰن نے بھی بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ استقبالیہ میں کراچی کے سرکردہ علماء کرام شریک ہوئے اور کونسل کے راہ نماؤں نے اپنے بیرونی دورہ کے تاثرات بیان کیے جبکہ مولانا ڈاکٹر قاری فیوض الرحمٰن نے خطاب کرتے ہوئے علماء کرام پر زور دیا کہ وہ نئی نسل کو سیرت نبویؐ سے روشناس کرانے کی طرف خصوصی توجہ دیں، معروف خطیب مولانا قاری عبد الخالق نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔ علاوہ ازیں مولانا فداء الرحمٰن درخواستی، مولانا زاہد الراشدی، مولانا قاری فیوض الرحمٰن اور مولانا قاری عبد الخالق نے جامع مسجد توحید گلشن جدید، جامع مسجد اشرفیہ بری کالونی اور جامعہ عثمانیہ معین آباد لانڈھی میں بھی اجتماعات سے خطاب کیا۔ امیر مرکزیہ حضرت مولانا فداء الرحمٰن درخواستی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری اصل جدوجہد نفاذ اسلام کے لیے ہے کیونکہ اگر اسلامی نظام صحیح معنوں میں نافذ ہو جائے تو باقی مسائل خود بخود حل ہو جائیں گے، انہوں نے علماء کرام پر زور دیا کہ وہ عوام میں نفاذ اسلام کا شعور بیدار کریں۔ ان اجتماعات سے مولانا عبد الرشید انصاری، مولانا احسان اللہ ہزاروی، مولانا حافظ اقبال اللہ، مولانا قاری اللہ داد، مولانا حضرت ولی اور دیگر علماء کرام نے بھی خطاب کیا۔

مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کا بحران

ملک بھر کے ہم مسلک احباب کے لیے یہ خبر خوشی کا باعث ہوگی کہ مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کا جو تنازعہ گزشتہ پانچ ماہ سے تشویش کا باعث بنا ہوا تھا، اس کے حل کی طرف پیش رفت کا آغاز ہوگیا ہے اور حضرت مولانا صوفی عبد الحمید سواتی دامت برکاتہم نے دوبارہ مدرسہ کا اہتمام سنبھال لیا ہے۔ احباب دعا فرمائیں کہ باقی حل طلب امور بھی خوش اسلوبی کے ساتھ طے ہو جائیں۔ آمین یا رب العالمین۔